© rasailojaraid.com



محمد یوسف طاہر قریشی

# منقبت خلیفۂ راشد، سیدنا معاویہ رضی اللہ عنہ

خدا کی نعمتِ عظیم الفتِ معاویہ — محبتِ معاویہ، مودّتِ معاویہؓ

رسول پاک ﷺ شاہدِ صداقتِ معاویہ — شرافتِ معاویہ، لیاقتِ معاویہؓ

وہ ایک نجم تاباں ہیں رسول ﷺ کے نجوم میں — حضورِ پاک ﷺ شاہدِ امانتِ معاویہؓ

وہ کاتبِ رسول ﷺ ہیں وہ صاحبِ رسول ﷺ ہیں — خدا ہی جانتا ہے کیا ہے عظمتِ معاویہؓ

حیات آفریں گلِ ریاضِ مصطفیٰ ہیں وہ — بہار آفریں گلابِ سیرتِ معاویہؓ

معاویہ سے دشمنی عدوّ دین ہی کریں — خدا شناس جانتے ہیں حرمتِ معاویہؓ

مخالفِ معاویہؓ مخالفِ رسول ﷺ ہے — محبتِ رسول ﷺ ہے محبتِ معاویہؓ

حبیبِ مصطفیٰ تھے وہ رفیقِ باوفا تھے وہ — حسنؓ حسینؓ نے رکھی رفاقتِ معاویہؓ

علیؓ معاویہؓ حسینؓ پھول اک ہی ڈال کے — منافقوں کے دل میں ہے عداوتِ معاویہؓ

وہ پیکرِ سیاست و فراست و خلوص تھے — مسلّمہ مسلّمہ سیاستِ معاویہؓ

نبی ﷺ کے غمگسار وہ نبی ﷺ کے جاں نثار وہ — کرے گا دوزخی ہی بس اہانتِ معاویہؓ

عنایتیں نوازشیں رہی ہیں اُن کی خلق پہ — ہے حق پسند جانتا حقیقتِ معاویہؓ

عروجِ دینِ مصطفیٰ رہا ہے اُن کے دور میں — خدائے پاک کو عزیز عزتِ معاویہؓ

کھلے ہیں باب برکتوں کے ان کے ذکر وفکر سے — سعادتوں کے گل کھلائے مدحتِ معاویہؓ

خدا کی ایسے شخص پہ ہوں لاکھ لاکھ رحمتیں — ہمیشہ جو کرے بیان سیرتِ معاویہؓ

وہ بدنصیب ہے رکھے جو بغض اس سے قلب میں — ملی ہے خوش نصیب کو محبتِ معاویہؓ

خدا جو مجھ سے پوچھے گا ”عمل ہیں کیا؟“ کہوں گا میں
کہی ہے نعتِ مصطفیٰ ﷺ و مدحتِ معاویہؓ

☆......☆......☆



© rasailojaraid.com